18.06.2025

13.50 Hrs

HL-OPENNING

آداب

یہ آکاشوانی ہے

خبروں کے ساتھ میں ..... شبانہ رحمان

Music

☆ وزیر اعظم نریندر مودی نے امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ کو سختی کے ساتھ کہہ دیا ہے کہ بھارت پاکستان کے ساتھ معاملات حل کرنے کیلئے کسی تیسرے فریق کی ثالثی کو کبھی قبول نہیں کرے گا۔ اُنھوں نے پاکستان کے ساتھ حالیہ فوجی کارروائی کو ختم کرانے میں ثالثی کے ٹرمپ کے دعوے کو بھی مسترد کردیا۔

-2 وزیراعظم نریندر مودی کروشیا کی راجدھانی زغریب پہنچنے والے ہیں۔ کروشیا کیلئے کسی بھارتی وزیراعظم کا یہ پہلا تاریخی دورہ ہے۔

-3 بھارتی بحریہ آج وشاکھاپٹنم میں، ایک تقریب کے دوران بحری ڈاک یارڈ میں ملک کا پہلا آبدوز شکن جنگی جہاز ASW-SWC، INS Arnala کو سمندر میں اُتارے گی۔

-4 ایران کے رہبر اعلیٰ آیت اللہ علی خامنہ ای نے اسرائیل کے خلاف وارننگ جاری کی ہے۔ ایران نے اپنے رات کے تازہ حملوں میں اسرائیل کے خلاف ہائپر سونک میزائلوں کا استعمال کیا ہے۔

Music

اب خبریں تفصیل سے.....

PM TRUMP CONVERSATION

وزیر اعظم نریندر مودی نے امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ کو سختی کے ساتھ کہہ دیا ہے کہ بھارت کسی تیسرے فریق کی ثالثی کبھی قبول نہیں کرے گا اور وہ پاکستان کے ساتھ معاملات کو حل کرنے کے لیے بھی تیسرے فریق کی ثالثی کو قبول نہیں کرے گا۔ جناب مودی نے صدر ٹرمپ کے ساتھ ٹیلی فون پر بات کی۔

وزیراعظم کا یہ بیان بھارت اور پاکستان کے درمیان جنگ بندی کرانے کا سہرا اپنے سر لینے کے امریکی صدر کے بار بار دعوے کے بعد سامنے آیا۔ خارجہ سکریٹری وکرم مسری نے کہا کہ 35 منٹ کی بات چیت کے دوران وزیراعظم نے ٹرمپ پر یہ واضح کردیا کہ بھارت-امریکہ کے درمیان تجارتی سمجھوتے اور بھارت اور پاکستان کے درمیان حالیہ فوجی کارروائی کو ختم

کرانے کے لیے امریکہ کی طرف سے ثالثی سے متعلق کسی بھی سطح پر کبھی کوئی بات چیت نہیں ہوئی۔

(1400-Vikram- Third party Mediation)

جناب مسری نے بتایا کہ وزیراعظم مودی نے اس بات پر زور دیا کہ بھارت اب دہشت گردی کی کارروائیوں کو درپردہ کارروائیوں کے طور پر نہیں دیکھتا بلکہ جنگی کارروائیوں کے طور پر دیکھتا ہے۔ جناب مودی اور صدر ٹرمپ کناڈا میں جی -7 سربراہ کانفرنس کے موقع پر ایک دوسرے کے ساتھ میٹنگ کرنے والے تھے، لیکن امریکی صدر کے کانفرنس سے جلد لوٹ جانے کی وجہ سے یہ میٹنگ نہیں ہوسکی تھی۔ وزیراعظم نے صدر ٹرمپ کو بھارت کا دورہ کرنے کی دعوت دی ہے، جسے انھوں نے قبول کرلیا۔x

PM-CORATIA VISIT

وزیر اعظم نریندر مودی کروشیا کے تاریخی دورے پر آج دوپہر کو زغریب پہنچیں گے۔ کسی بھی بھارتی وزیر اعظم کا کروشیا کا یہ پہلا دورہ ہے۔ وزیراعظم کا یہ دورہ دہشت گردی پر بھارت کے موقف کیلئے کروشیا کے بڑھتی ہوئی حمایت اور اقوام متحدہ سکیورٹی کونسل میں بھارت کی مستقل رکنیت کیلئے اُس کی حمایت کے تناظر میں ہورہا ہے۔ اُن کے اس دورے سے اہمیت کے حامل تعاون کو وسعت دیئے کئے جانے کا امکان ہے، اس دورے کے دوران وفد کی سطح کی بات چیت ہوگی اور ثقافتی سفارت کاری جیسے کلیدی شعبوں میں سمجھوتے کئے جائیں گے۔ دونوں ملکوں کے درمیان سائنس اور ٹیکنالوجی، ذراعت، تعلیم اور ثقافت کے شعبوں میں بڑے سمجھوتے بھی کئے جائیں گے۔ دونوں ممالک کے درمیان بھارت-یورپی یونین آزاد تجارتی معاہدے اور یوروپ، مشرق وسطی اور بھارت کو جوڑنے والے کنکٹی وٹی سے متعلق بڑے کوریڈور کے ضمن میں تال میل پیدا کئے جانے کا بھی امکان ہے۔

اب ہم زغریب میں موجود اپنے نامہ نگار سنجیو کمار سے وزیراعظم کے دورے کے بارے میں بات کرتے ہیں۔

سوال : سنجیو - آپ ہمیں بتایئے کہ وزیراعظم مودی کے اس تاریخی دورے سے کیا کلیدی نتائج برآمد ہوسکتے ہیں۔

شکریہ۔ سنجیو

PM-MEET CANADIAN PM

بھارت اور کناڈا نے ایک دوسرے کی راجدھانیوں کیلئے ہائی کمشنروں کی بحالی سے اتفاق کیا ہے۔ وزیراعظم نریندر مودی نے کناڈا کے شہر Kanananaskis میں G-7 سربراہ کانفرنس کے موقع پر کناڈا کے وزیراعظم مارک Carney کے ساتھ باہمی میٹنگ کی۔ دونوں رہنماؤں نے قانون کی حکمرانی کا احترام، مشترکہ جمہوری اقدار پر مبنی بھارت اور کناڈا تعلقات کی اہمیت کے عزم کا اظہار کیا اور اقتدار اعلیٰ اور علاقائی سالمیت کے اصولوں کو برقرار رکھنے کے تئیں یقین کا بھی اظہار کیا۔ اس

کے علاوہ دونوں ملکوں کے رہنماؤں نے احساسات اور تشویش کیلئے ایک دوسرے کا احترام، عوام سے عوام کے درمیان مضبوط رشتوں اور بڑھتے ہوئے معاشی رابطوں کی بنیاد پر ایک تعمیری اور متوازن شراکت داری اپنانے کی ضرورت پر زور دیا۔

جناب مودی کی میٹنگ کے بارے میں مطلع کرتے ہوئے خارجہ سکریٹری وکرم مسری نے کہا کہ دونوں رہنماؤں نے بھارت اور کناڈا کے درمیان تعلقات کو مستحکم کرنے کیلئے آپسی خواہش پر بھی تبادلہ خیال کیا، جن میں حالیہ دنوں میں کشیدگی پیدا ہوگئی تھی۔ انھوں نے تجارت، عوام سے عوام کے درمیان رابطے اور کنکٹی وٹی کے بارے میں اعلیٰ سطح پر مذاکرات شروع کرنے پر بھی اتفاق کیا۔ بیان میں وزارت خارجہ نے مزید کہا کہ دونوں لیڈروں نے تعلقات میں پھر سے اعتماد کو بحال کرنے اور اُن میں تیزی لانے کے لئے مختلف شعبوں میں کام کرنے کی سطح میں رابطوں کے ساتھ ساتھ اعلیٰ وزارتی سطح پر پھر سے بات چیت شروع کرنے کی اہمیت کو اجاگر کیا۔ انھوں نے، صاف ستھری توانائی، ڈیجیٹل منتقلی، مصنوعی ذہانت، LNG، خوراک کی فراہمی، قیمتی معدنیات، اعلیٰ تعلیم، موبلٹی اور سپلائی چین میں لچک جیسے شعبوں میں بھی مستقبل میں اشتراک کرنے کے موقعوں پر تبادلہ خیال کیا اور ایک آزاد اور کھلے بھارت بحرالکاہل خطے کو فروغ دینے میں اپنے مشترکہ مفاد پر عزم کا اظہار کیا۔x

SPECIAL FEATURE

یوگ کا 11 واں بین الاقوامی دن 21 جون کو دنیا بھر میں منایا جائے گا۔ آکاشوانی نیوز یوگ کے ارتقاء پر ایک خصوصی فیچر پیش کررہا ہے، جو قدیم بھارتی روایت سے ایک عالمی تحریک تک کے سفر کو بیان کرتا ہے۔

ایک رپورٹ۔ V-C Vishnu

یوگ کی تاریخ بھارت کی قدیم تہذیب میں گہرائی سے پیوست ہے۔ یہ روحانی مشق کے طور پر Indus-سرسوتی وادی کی تہذیب میں شروع ہوئی اور رفتہ رفتہ خود شناسی کی جانب ایک منظم راہ میں ڈھل گئی۔ برسوں تک ماہرین کا خیال تھا کہ یوگ 500 قبل مسیح کے آس پاس بودھ مت کے عروج کے دوران شروع ہوا، تاہم Indus-سرسوتی وادی کی تہذیب سے ملنے والی آثارِ قدیمہ کی دریافت تجویز کرتی ہیں کہ یوگ اس سے بھی کہیں زیادہ پرانا ہے۔ وقت کے ساتھ یہ مشق ایک بھرپور نظم وضبط میں تبدیل ہوگئی۔ یہ ویدوں، اُپنشدوں اور بعد میں پتانجلی کے یوگ سوتروں میں شامل ہوگئی۔ مہابھارت میں یوگ کے گہرے حوالوں سے لے کر 19 ویں اور 20 ویں صدی میں سوامی وویکانند اور B.K.S. Iyengar جیسے ماہرین کے ذریعہ اس کی تجدید تک یوگا ایک قدیم روایت سے عالمی نظم وضبط میں تبدیل ہوگیا۔ 2014 میں وزیراعظم نریندر مودی نے اقوام متحدہ کی جنرل اسمبلی سے خطاب کیا اور 21 جون کو یوگ کا بین الاقوامی دن قرار دینے تجویز پیش کی۔ یہ تجویز بھرپور حمایت سے منظور ہوئی اور اس کے بعد سے 21 جون، دنیا بھر میں یوگ کے بین الاقوامی دن کے طور پر منایا جارہا ہے۔ اب جبکہ

ہم یوگ کا 11 واں بین الاقوامی دن منارہے ہیں، تو 2025 کا موضوع ہے : ایک کرۂ ارض ایک صحت کیلئے یوگ، جو اتحاد اور فلاح وبہبود کا پیغام دیتا ہے۔
نئی دلّی سے وشنو پی ایس ریپورٹ کے ساتھ اردو خبروں کیلئے میں .....

NAVY INS ARNALA

بھارتی بحریہ آج وشاکھاپٹنم میں، ایک تقریب کے دوران بحری ڈاکیارڈ میں ملک کا پہلا آبدوز شکن جنگی جہاز ASW-SWC، INS Arnala کو سمندر میں اُتارے گی۔ بحریہ کے چیف ڈفینس اسٹاف جنرل انل چوہان اس تقریب کی صدارت کریں گے۔ آئی این ایس ارنالا 16 ASW-SWC جہازوں کا پہلا ایسا جہاز ہے، جو بھارتی بحریہ میں شامل کیا جا رہا ہے۔ یہ گزشتہ ماہ کی 8 تاریخ کو بحریہ کے حوالے کیا گیا تھا۔ یہ جنگی جہاز مہاراشٹر کے ساحل سے دور تاریخی ارنالا قلعہ کے نام رکھا گیا ہے۔x

IRAN-ISRAEL

ایران کے رہبر اعلیٰ آیت اللہ علی خامنہ ای نے اسرائیل کے خلاف وارننگ جاری کی ہے، جبکہ ایران نے اپنے رات کے تازہ حملوں میں اسرائیل کے خلاف ہائپر سونک میزائلوں کا استعمال کیا ہے۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں خامنہ ای نے کہا ہے کہ اب جنگ شروع ہوچکی ہے۔ انھوں نے مزید کہا کہ ایران کو اسرائیل کو سخت جواب دینا چاہئے۔ انھوں نے کہا کہ وہ اسرائیل کے تئیں کوئی رحم نہیں کریں گے۔ ایران نے اسرائیل کے خلاف ڈرونس کا بھی استعمال کیا، جہاں فوج نے کہا ہے کہ بحر مردار کے علاقے میں اسرائیل کے دو میزائلوں کو ناکارہ بنا دیا۔ پاسداران انقلاب نے دعویٰ کیا ہے کہ ایرانی فوجوں نے مقبوضہ علاقوں کے اوپر اپنا مکمل کنٹرول حاصل کرلیا ہے۔

ادھر اسرائیلی جنگی جہازوں نے بھی کل ایران کی راجدھانی کو نشانہ بنایا۔ دونوں ملکوں کے درمیان ہوائی حملوں کے پیش نظر بین الاقوامی ایٹمی توانائی ایجنسی نے تصدیق کی ہے کہ ایران کی ایک نیوکلیائی تنصیب کو نشانہ بنایا گیا۔ اس دوران اسرائیلی فوج نے تہران میں ایک کمانڈ سینٹر میں ہوائی حملے کے دوران آیت اللہ علی خامنہ ای کے قریبی مشیر علی شادمانی کی ہلاکت کی تصدیق کی ہے۔ اس سے پہلے امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے ایران سے غیر مشروط طور پر ہتھیار ڈالنے کو کہا ہے۔x

AXIOM-MISSION

بھارتی خلاء باز شبھانشو شکلا کا Axiom 4 Mission، جو بین الاقوامی خلائی اسٹیشن کیلئے تھا، اس مہینے کی 22 تاریخ تک ملتوی کردیا گیا ہے، تاکہ ناسا روسی سیکشن میں حالیہ مرمت کے بعد مدار کی تجربہ گاہ کے تعلق سے تیاریوں کا جائزہ

لیا جاسکے۔ یہ اعلان Axiom اسپیس کے ذریعے کیا گیا ہے۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں بھارتی خلائی تحقیق کے ادارے نے کہا ہے کہ Axiom Space نے Space X Falcon 9 Launch وہیکل کی تیاری کی موجودہ صورتحال، ڈریگن اسپیس کرافٹ، ISS کی Zveda ماڈیول میں مرمت، موسم کی صورتحال اور قرنطین میں عملے کی صحت اور تیاریوں کی بنیاد پر چھوڑے جانے کی اگلی ممکنہ تاریخ کی تصدیق کی ہے۔

سائنس و ٹیکنالوجی کے مرکزی وزیر ڈاکٹر جتیندر سنگھ نے کہا ہے کہ اہم پیرامیٹرس کا جائزہ لینے کے بعد Axiom 4 Mission کو لانچ کئے جانے کی تاریخ کے بارے میں بتادیا گیا ہے۔ اسرو کے شبھانشو شکلا مشن کے پائلٹ کے طور پر خدمات انجام دیں گے اور پولینڈ کے Slawosz Uznanski اور ہنگری کے Tibor Kapu، مشن ماہرین کے طور پر خدمات انجام دیں گے جبکہ ISS کیلئے ناسا کی جانب سے یہ چوتھا پرائیوٹ مشن ہے، جس کی قیادت ناسا کے خلاباز Peggy Whitson کریں گے۔x

MEGHALAYA-TOURISTS

میگھالیہ حکومت نے رگھوونشی قتل معاملے کے تناظر میں سبھی Home Stays تفریح گاہوں اور یہاں تک کے زمین مالکان کو ہدایت دی ہے کہ وہ سبھی وزیٹرس کو باقاعدہ طور پر رجسٹر کریں۔ سیاحت کے وزیر مملکت Paul Lyngdoh نے بتایا کہ حکومت اس بات کو یقینی بنائے گی کہ سبھی رہائش فراہم کرنے والی یونٹوں کیلئے اب سیاحتی ایپ کے ذریعہ مہمانوں کو رجسٹر کرانا لازمی ہے، 60 فیصد سے زیادہ رہائش فراہم کرنے والے یونٹس، مذکورہ ایپ کا پہلے ہی استعمال کررہے ہیں۔ ریاستی حکومت نے، اُن سیاحوں کو کرائے پر پرائیویٹ گاڑیاں دینے پر بھی حال ہی میں پابندی عائد کردی ہے، جو خود سے ڈرائیو کرنا چاہتے ہیں۔x

NAXAL-ANDHRA

آندھراپردیش میں Alluri سیتاراما راجو ضلع کے Kondamodalu جنگلاتی علاقے میں سکیورٹی اہلکاروں اور مسلح ماؤنوازوں کے درمیان آج مڈبھیڑ میں چوٹی کے تین ماؤنواز لیڈر ہلاک ہوگئے۔ ماؤنوازوں کے جو لیڈر ہلاک ہوئے ہیں، اُن کی شناخت ایک خصوصی زونل ماؤوادی کمیٹی کے رکن اور ماؤنواز لیڈر Chalapathi راؤ کی اہلیہ اَرونا کے طور پر کی گئی ہے، جو سینٹرل ماؤنواز کمیٹی کا ممبر تھا اور اُنجو AOB خصوصی زونل ماؤنواز کمیٹی کا ACM تھا۔ سکیورٹی عملے نے مڈبھیڑ کی جگہ سے تین ایک کے 47 رائفلیں برآمد کی ہیں۔x

GOYAL-UK VISIT

کامرس کے مرکزی وزیر پیوش گوئل آج برطانیہ کے دو روزہ دورے پر روانہ ہوگئے ہیں۔ اُن کا یہ دورہ برطانیہ کے ساتھ اقتصادی اور کاروباری شراکت داری کو مستحکم کرنے، بالخصوص دونوں ممالک کے وزرائے اعظم کے بھارت-برطانیہ آزاد تجارتی سمجھوتے FTA کو ختم کرنے کے اعلان کرنے کے تناظر میں بھارت کے موقف کی عکاسی کرتا ہے۔×

HARSHIT RANA-INDIA SQUAD

بھارت کے کرکٹ کنٹرول بورڈ BCCI نے اعلان کیا ہے کہ مردوں کی سلیکشن کمیٹی نے انگلینڈ کے خلاف لیڈس میں کھیلے جانے والے پہلے ٹیسٹ کیلئے بھارتی کھلاڑیوں کی فہرست میں ہرشت رانا کو شامل کیا ہے۔ پہلے ٹیسٹ میچ کی تیاری کیلئے ہونے والے میچ میں ہرشت رانا انڈیا اے ٹیم کا حصہ تھے۔ شبھمن گل کی قیادت میں انگلینڈ کے خلاف پانچ میچوں کی ٹیسٹ سیریز کھیلی جائے گی، جو جمعہ کو لیڈس میں Headingley کے میدان میں شروع ہوگی۔×

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆